7. ایک دو درجی مساوات، جس کے صفروں کے حاصلِ جمع اور حاصل ضرب، بالترتیب 2 اور $-1$ ہیں، ہے : 1

(a) $x^2 + 2x + 1$ (b) $x^2 - 2x - 1$

(c) $x^2 + 2x - 1$ (d) $x^2 - 2x + 1$

8. اعداد 30 اور 70 کے لیے $(\text{HCF} \times \text{LCM})$ ہے۔ 1

(a) 2100 (b) 21

(c) 210 (d) 70

9. 14 cm نصف قطر کے دائرے کے اس قوس کی لمبائی کیا ہوگی جو دائرہ کے مرکز پر $60°$ کا زاویہ بناتا ہے۔ 1

(a) $\frac{44}{3}$ cm (b) $\frac{88}{3}$ cm

(c) $\frac{308}{3}$ cm (d) $\frac{616}{3}$ cm

10. اگر کسی نصف دائری چاندے کا نصف قطر 7 cm ہے، تو اس کا احاطہ ہے۔ 1

(a) 11 cm (b) 14 cm

(c) 22 cm (d) 36 cm

11. کسی 15 m اونچی مینار کی چوٹی کا، اس کے قاعدے سے $15\sqrt{3}$ میٹر کے فاصلے پر ایک نقطہ سے ناپا گیا زاویہ ارتفاع ہے: 1

(a) $30°$ (b) $45°$

(c) $60°$ (d) $90°$

12. $(\frac{2}{3}\sin 0° - \frac{4}{5}\cos 0°)$ مساوی ہے۔ 1


(a) $\frac{2}{3}$ (b) $-\frac{4}{5}$

(c) 0 (d) $-\frac{2}{15}$

30. (A) ثابت کیجئے کہ کسی باہری نقطے سے ایک دائرہ پر کھینچے گئے مماسوں کی لمبائیاں مساوی ہوتی ہیں۔ 3

یا

(B) مرکز O سے کھینچے گئے دو ہم مرکز دائروں کے نصف قطر 3 cm اور 5 cm ہیں۔
مقابلتاً بڑے دائرہ کے اس وتر AB کی لمبائی معلوم کیجئے جو مقابلتاً چھوٹے دائرے
سے نقطہ P پر تماس کرتا ہے۔ 3




31. (A) اگر ہم کسی کسر کے شمار کنندہ میں 1 جمع کردیں اور اس کے نسب نما میں سے ایک نفی کردیں، تو وہ کم ہو کر 1 ہو
جاتی ہے اگر ہم صرف اس کے نسب نما میں 1 جمع کردیں تو وہ کسر $\frac{1}{2}$ ہو جاتی ہے۔ کسر کیا ہے؟ 3

یا

(B) 'k' کی کس قدر کے لیے خطی مساواتوں کے مندرجہ ذیل جوڑے کا کوئی حل نہیں ہوگا؟
$3x + y = 1$ ، $(2k - 1)x + (k - 1)y = 2k + 1$ 3

## حصّہ-D

**حصّہ-D پانچ۔پانچ نمبروں کے طویل جواب والے سوالوں پر مشتمل ہے۔**

32. (A) اس .A.P کے پہلے 51 ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔ جس کے دوسرے اور تیسرے رکن،
بالترتیب 14 اور 18 ہیں۔ 5

یا

(B) کسی .A.P کا پہلا رکن 5 ہے اور آخری رکن 45 ہے۔ اس کے تمام ارکان کا حاصل جمع 400 ہے۔
ارکان کی تعداد اور مشترک فرق معلوم کیجئے۔ 5

